ایک پکارنے والا پکار کر کہے گا : تم سدا صحت مند رہوگے، کبھی بیمار نہیں ہوگے تم سدا زندہ رہوگے، کبھی نہیں مروگے تم سدا جوان رہوگے، کبھی بوڑھے نہیں ہوگے تم سدا ناز و نعمت میں رہوگے، کبھی پریشان نہیں ہوگے

ابو سعید خدری اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : "ایک پکارنے والا پکار کر کہے گا : تم سدا صحت مند رہوگے، کبھی بیمار نہیں ہوگے تم سدا زندہ رہوگے، کبھی نہیں مروگے تم سدا جوان رہوگے، کبھی بوڑھے نہیں ہوگے تم سدا ناز و نعمت میں رہوگے، کبھی پریشان نہیں ہوگے" اسی کا ذکر اللہ تعالی کے اس فرمان میں ہے : "انھیں پکار کر کہا جائے گا : یہی وہ جنت ہے، جس کے وارث تم ان اعمال کی وجہ سے بنائے گئے ہو، جو تم کیا کرتے تھے" [سورہ اعراف : 43]
[صحیح] [رواہ مسلم]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا کہ اہل جنت جب جنت کی نعمتوں سے لطف اندوز ہو رہے ہوں گے، تو ایک پکارنے والا پکار کر کہے گا: یہاں تمہارے لیے اس بات کا انتظام ہے کہ تم سدا صحت مند رہو گے اور کوئی چھوٹی سے چھوٹی بیماری بھی تمہارے پاس نہ آئے گی تم سدا زندہ رہوگے اور تم کو کبھی موت نہیں آئے گی نیند بھی نہیں، جو موت کی چھوٹی شکل ہے تم ہمیشہ جوان ہی رہوگے اور بڑھاپا تمہارے قریب سے بھی نہ گزرے گا یہاں تم ہر طرح کی نعمتوں میں رہوگے نہ غم ہوگا، نہ فکر ہوگی اسی کا ذکر اللہ عز و جل کے اس فرمان میں ہے : {ونُودُوا أنْ تلكم الجنة أورثتموها بما كنتم تعملون} [الأعراف: 43]. "یعنی انھیں پکار کر کہا جائے گا : یہی وہ جنت ہے، جس کے وارث تم ان اعمال کی وجہ سے بنائے گئے ہو، جو تم کیا کرتے تھے"

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/8341